# **Golden Path** Family Takaful Plan

**Get on the Golden Path, to Elevate your Financial Status**

Golden Path Family Takaful Plan is designed for individuals who aim to build a secure future with a strategic edge. With an annual contribution starting from PKR 100,000, the plan offers a powerful blend of protection and savings, uniquely enhanced by our Golden Bonus feature. We reward your commitment right from the beginning — The **First Year Bonus** allocated during 1st contribution year, and the **Second Year Bonus** allocated during 2nd contribution year will remain invested in a separate Participant's Investment Account (PIA). This creates your very own "Golden Path," where early discipline is substantially rewarded, giving your savings a significant head start as they gain momentum while ensuring a strong financial safety net for your loved ones.

**Protection and Savings, Amplified by Milestone Rewards**

Golden Path Family Takaful Plan features robust protection that safeguards your family's financial well-being, giving you the peace of mind to pursue your ambitions. But what truly sets it apart is how we amplify your savings. The unique Golden Bonus structure means the rewards you earn during first two contribution years are strategically allocated to your fund during 4th and 5th contribution years. This mechanism provides a powerful milestone that accelerates your progress, whether you're saving for your children's education or planning for retirement. Combined with Shariah-compliant investments, this plan doesn't just secure your future—it proactively builds it, helping you create a brighter tomorrow for yourself and your loved ones.

**Jee Lo Har Ghari, With Confidence in Your Future**

By investing in Golden Path Family Takaful, you are not just saving; you are embarking on a structured journey towards financial freedom. You can truly live every moment, confident that your future and your family's future is protected and poised for growth on a proven Golden Path.

## **Key** Features

### Shariah Compliant Investment Package

Askari Life-Window Takaful Operations has designed a Shariah compliant family Takaful Certificate that ensures the fulfillment of your changing needs at each life cycle. This family Takaful Certificate provides a long-term investment and protection plan with low but shared risks according to the Shariah guidelines.

You can be at any stage of your life and find this plan to be understanding of your needs because of its low risk profile and high returns due to the nature of its term.

### Design Your Customized Solution

With Askari Golden Path Family Takaful Plan, you can design the future you want for yourself! It provides you the flexibility to personalize your plan according to your own goals and family's unique lifestyle. In addition to flexibility, you can also opt from various optional add-ons with the help of our certified financial advisors.

Moreover, Our Universal life - Participants Investment Fund structure offers a wide range of investment in; Upto 100% in Sukuks, Upto 50% in KMI 30 Equities, Upto 30% in Islamic TFCs, Upto 50% in Mutual Funds, Upto 30% in Real Estate and Upto 100% in Islamic Bank /Term Deposits.

### Free Hajj Coverage

Our Family Takaful protection ensures the security of the person covered on their walk in the name of God. In case of any unforeseen instance that results in the demise of the person covered which occurs due to any accident during Hajj, Askari Life-Window Takaful Operations will provide Rs. 2.5 million as sum cover to the beneficiary(ies) of the certificate.

### Additional Investment Option (Top-up)

This feature provides additional flexibility to your existing plan. If you have any additional funds available at any stage, you can place them as investment under Askari Golden Path Family Takaful Plan during the course of the certificate term that will further enhance your cash value. Many people use this option to make yearly contribution payment by placing additional investment as top-up with their certificate. The minimum amount you can top up your certificate with is Rs. 10,000/- which will be allocated at a 100%.

### Protection Multiple (Cover Multiple)

With Askari Golden Path Family Takaful Plan, you can ensure desired financial security for your family. You can fix a significant lump sum amount as much as you anticipate from the available maximum cover that would be enough to meet your future financial needs.

## **Basic** Features

### Protection Benefit

How well your future may be planned? Your protection along with your loved ones protection is priceless! Our Family Takaful Protection benefit ensures the financial safety of you and your family in cases of unfortunate events. The Certificate pays the beneficiary(ies) an amount equal to the Participant's Investment Account (PIA) cash Value or Sum Covered whichever is higher.

### Maturity Benefit

Family Takaful coverage is more than just a safety net for you and your family! The Family Takaful Certificate's maturity benefit ensures that you receive the amount of your Participant's Investment Account (PIA) cash value at the completion of your certificate term, allowing you to fulfil all those bigger dreams that you had been putting on hold.

### Annuity Benefit

Through this option, you will be given an option to get your maturity value on monthly basis up to the years you have selected. Maturity value will continue to grow through Shariah Compliant Investment in your PIA (Participant's Investment Account) till the last month of your selected tenure to receive the monthly Annuity benefit.

### Partial Withdrawal

With the benefit of Partial Withdrawals, you can withdraw up to 50% of the net cash surrender value of your PIA provided you maintain a minimum net cash surrender value of Rs. 10,000/- only! With this benefit, your money is never bound and can be accessed with a minimal charge of Rs. 500/-.

### Free Look Period

Family Takaful Certificate is a long-time commitment towards your goal to provide desired financial security and prosperity to yourself and your loved ones. However, in case you realize that you are not satisfied with the product offering, you need not to worry, as Askari Life-Window Takaful Operations offer a free look period where you can return the Participant's Membership Documents (PMD) within 14 days and get a 100% refund of contribution.

### Inflation Protection

It's an unfortunate fact that the money we have is worth a little less every day in this uprising economy. As rising inflation erodes our savings bit by bit, we need a plan to keep our savings intact. Golden Path Family Takaful Plan offers this unique feature dedicated to combat inflation with selected increment in the contribution every year.

### Surplus Sharing

In addition to risk mitigation benefits, Takaful offers a unique feature of Surplus sharing to the Participants. Surplus in the Waqf, if any, shall be determined on individual participant basis at the end of each financial year, after maintaining necessary reserves as per the advice of appointed Actuary and Shari'ah Adviser. The distributable surplus will be allocated to the PIA as per defined manner to the eligible Participants.

## **Basic Contribution** Allocation

As you continue the certificate towards its full term, your Participant's Investment Account (PIA) will be credited with a proportion of Basic contribution that you pay. The proportions allocated to your PIA cash value will be as follows:

| Contribution Year | % of Basic Contribution Allocated to Participant's Investment Account (PIA) | Surrender Charges as % of PIA Value |
|---|---|---|
| 1 | 40% | Nil |
| 2 | 50% | Nil |
| 3rd year onwards | 100% | Nil |

## **Certificate Terms** & Eligibility

| Minimum Cover Term | Maximum Cover Term | Minimum Paying Term | Maximum Paying Term |
|---|---|---|---|
| 5 Years | Up to age 75 | 5 Years | Equal to Cover Term |

## **Advance & Continuation** Bonus

Your commitment paves your Golden Path. Simply by maintaining your certificate in good standing with timely contributions and without any withdrawals, you become eligible for our **Exclusive Bonus Program.**

Watch your early rewards mature into major milestones. The bonuses you earn during first two contribution years are strategically allocated to your fund during 4th and 5th contribution years, giving your savings a powerful, timed boost just as your investment gains momentum.

Stay committed for 5+ years and earn more attractive loyalty bonuses in the future years.

| Contribution Year | % of Initial Basic Contribution Allocated to Participant's Investment Account (PIA) |
|---|---|
| *1 | 40% |
| *2 | 40% |
| 8 | 25% |
| 10 | 50% |
| 15 | 100% |
| 20 | 250% |

* The **First Year Bonus** allocated during 1st contribution year, and the **Second Year Bonus** allocated during 2nd contribution year will remain invested in a separate Participant's Investment Account (PIA).
* **Fifty percent (50%)** of the invested bonus amount will be transferred to the regular PIA Cash Value upon payment of the 4th Certificate Year's full annual contribution.
* And, the remaining **fifty percent (50%)** of the invested bonus amount will be transferred to the regular PIA Cash Value upon payment of the 5th Certificate Year's full annual contribution.
* The payment of these bonuses is subject to the timely payment of all due contributions within the specified grace period.

## **Charges**

### Certificate Fee

Rs. 200 to be deducted monthly. (This will increase by 10% every year)

### Investment Management Charges

2% p.a of the P.I.A value to be deducted monthly

### Waqf Donation

Rate will be charged as per filling in SECP

### Regular Contribution Expense

5% of Contribution expense will be deducted from every Contribution

### Top Up Contribution Expense

2% of Contribution expense will be deducted from every Contribution

### Wakala Fee

| Year | % of Total Contribution |
|---|---|
| 1 | 60% |
| 2 | 50% |
| 3 year onwards | 0% |

## Partial/Full Surrender Processing Fee

Nominal fee of Rs. 500/- will be charged upon Partial Withdrawal/ Full Surrender

## Mudarib's Share

30% on investment return of the WAQF

# **Additional Optional** Benefits

Apart from standard applicable benefits such as protection and investment, Golden Path Family Takaful Plan also offers you additional benefits, and the liberty to choose from various optional benefits, based on your goals and financial capabilities subject to the payment of additional Waqf Donation.

## Spouse Benefit

A remarkable feature designed to provide you and your spouse with added security and peace of mind. With this feature, you can enroll both you and your spouse in a single family takaful certificate, ensuring that your loved ones are financially protected together. In the event of an unfortunate incident, the surviving spouse will receive the full benefits. It's a testament to our commitment to safeguarding your family's future.

## Hospitalization Coverage

To ensure that you are well protected against unforeseen medical expenses, Golden Path Family Takaful Plan offers you a unique benefit that offers hospitalization coverage. That promises that in case of hospitalization due to an accident for more than 1 day, will cover your hospitalization expense (Rs. 8,000/ per day) for up to 60 days at any hospital of your choice.

## Major Surgery Benefit

With this exclusive benefit, if you undergo surgery (mentioned in the major surgery provision) during this supplementary benefit coverage, the surgery expense of Rs. 500,000 shall be borne by Askari Life-Window Takaful Operations. Hence no additional burden will be on your family. This benefit acts as a protection for you from the substantial amount required for the treatment.

## Critical Illness (CI) Supplementary Benefit

Everyone looks for medical coverage for unexpected emergencies and medical help. A critical illness can put the entire family in huge financial debt and crisis. To combat all the adverse circumstances, Golden Path Family Takaful Plan offers critical illness supplementary benefit that provides coverage against major life-threatening diseases (mentioned in the CI supplementary benefit provision). In case you are diagnosed with any of the mentioned illnesses a lump sum amount of up to Rs. 2 million is paid. This lump sum amount is in addition to the main plan benefit.

## Monthly Income Benefit

If you have chosen the monthly income supplementary benefit, then in case of any unforeseen circumstance in the covered person's life as defined in the Provisions in this supplementary Documents, Askari Life-Window Takaful Operations will pay a monthly income to the beneficiary (ies) of the certificate for the remaining term of the supplementary benefit.

## Waiver of Contribution Supplementary Benefit (Death)

If you are seeking maximum protection for your family and want your Family Takaful certificate to be active even if you are not there to support them; this benefit is for you! With this add-on, your family will not just receive the lump-sum amount (sum covered) against the coverage you fixed initially to cover up the sudden financial burden, but Askari Life-Window Takaful Operations will waive the equivalent of the initial contribution of the basic plan for the remaining term up to the maturity of this supplementary benefit.

With this benefit, your family would not only receive the lump sum amount (sum covered) against the coverage that you fixed initially but will also receive the benefit at the maturity of this supplementary benefit.

## Waiver of Contribution Supplementary Benefit (Disability)

If God forbid, the person Covered gets permanently disabled, Askari Life-Window Takaful Operations will bear the annual initial basic contribution for the remaining term of this supplementary benefit, and the basic plan will continue till the maturity of this Supplementary benefit.

## Accidental Death & Disability Supplementary Benefit

In the journey of life, you always walk the extra mile to provide a better future for your family. However, this journey of life is full of uncertainties; you never know how the future will unfold. In today's scenarios, with the increase in the number of instances of accidents, it is imperative to shield your family's future. As a responsible individual, you would like to safeguard your family's future against such eventuality. Askari Life- Window Takaful Operations' Accidental death and disability supplementary benefit offers additional financial security to your family in the event of an accident that may result in death or disability. With Askari Life- Window Takaful Operations Accidental Protection, you are assured that a substantial amount is paid to your chosen beneficiary(ies), in case of any unfortunate accident that may result in disability or sudden demise.

## Level Term Family Takaful (Additional Coverage Option)

We all aim to ensure that our family is protected and financially secure, both now and in the future. And we do so by financially preparing for all circumstances. But what if we foresee expenses rising and want to suitably increase the protection level (sum covered)? Furthermore, with changing life stages, protection needs might change too; after getting married, becoming a parent or after your parents retire.

This add-on is specifically designed to ensure that the rising expenses of your family are taken care of. If you opt for the basic plan certificate along with this add-on, your nominated beneficiary(ies) will not only get the sum Covered or P.I.A value, but an additional amount of benefit (starting from Rs. 1 lac) attached due to this Level term family takaful benefit by paying a nominal Waqf Donation along with your basic certificate.

# Disclaimer

- Golden Path Family Takaful Plan is a Shariah compliant Universal Life Family Takaful certificate which is subject to investment risk and the cash value of the plan will vary directly with the performance of the investment fund.
- All family Takaful applications are processed and approved by Askari Life- Window Takaful Operations, as per their underwriting guidelines.
- A personalized illustration of benefits will be provided to you by our sales representative. Please refer to the notes in the illustration for a detailed understanding of the various Terms and Conditions.
- Investment Risk shall be borne by participants; actual maturity values or surrender values may be higher or lower than the project figures.
- The past performance of the fund is not necessarily a guide or guarantee of future performance.
- This brochure only provides an introduction to the benefits available under the Certificate. A detailed description of how the certificate works is given in the 'Participant's Membership Documents (PMD), which will be provided to every participant.
- The contents herein are the intellectual rights of Askari Life-Window Takaful Operations.
- In the event of any discrepancy, ambiguity and conflict in interpreting any information, terms, or conditions in this brochure, the participants membership documents (PMD) shall prevail and supersede.
- Publication or duplication of this brochure by any third party is strictly prohibited.


Askari Life Assurance Co. Ltd.
Window Takaful Operations

Emerald Tower, Office No. 1104, 11th Floor, Plot G-19, Block 5,
KDA Improvement Scheme No. 5, Clifton, Karachi.
Email: takaful@askarilife.com | UAN: 021-111-225-275

www.askarilife.com




askarifamily
Takaful

# GOLDEN PATH
## FAMILY TAKAFUL

*For your **shariah compliant way** of life!*


021-111-225-275 www.askarilife.com

# گولڈن پاتھ فیملی تکافل

**اپنی مالی حیثیت کو بلند کرنے کے لیے سنہری راستے پر چلیں۔**

گولڈن پاتھ فیملی تکافل پلان ان افراد کے لیے ڈیزائن کیا گیا ہے جن کا مقصد بہترین حکمتِ عملی کے ساتھ محفوظ مستقبل بنانا ہے۔ 100,000 روپے سے شروع ہونے والے سالانہ شراکت کے ساتھ، یہ منصوبہ تحفظ اور بچت کا ایک طاقتور امتزاج پیش کرتا ہے، جو ہمارے گولڈن بونس کی خصوصیت سے منفرد طور پر بڑھایا گیا ہے۔ ہم شروع سے ہی آپ کے عزم کا صلہ دیتے ہیں — پہلے کنٹری بیوشن سال کے دوران مختص کیا جانے والا **پہلے سال کا بونس** اور دوسرے کنٹری بیوشن سال کے دوران مختص کیا جانے والا **دوسرے سال کا بونس** ایک علیحدہ پارٹیسپنٹس انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں سرمایہ کاری کی صورت میں برقرار رکھا جائے گا۔ یہ آپ کا اپنا ''سنہری راستہ'' بناتا ہے، جہاں ابتدائی نظم وضبط کا خاطر خواہ انعام ملتا ہے، جس سے آپ کی بچتوں کو ایک اہم آغاز ملتا ہے کیونکہ وہ آپ کے پیاروں کے لیے مضبوط مالیاتی حفاظتی جال کو یقینی بناتی ہیں۔

**تحفظ اور بچت، سنگ میل کے انعامات کے ذریعے وسیع**

گولڈن پاتھ فیملی تکافل پلان میں مضبوط تحفظ ہے جو آپ کے خاندان کی مالی بھلائی کا تحفظ کرتا ہے، آپ کو اپنے عزائم کو آگے بڑھانے کے لیے ذہنی سکون فراہم کرتا ہے۔ لیکن جو چیز واقعی اسے الگ کرتی ہے وہ یہ ہے کہ ہم آپ کی بچت کو کس طرح بڑھاتے ہیں۔ منفرد گولڈن بونس ڈھانچہ کا مطلب یہ ہے کہ پہلے دو کنٹری بیوشن سالوں کے دوران حاصل ہونے والے انعامات حکمتِ عملی کے تحت آپ کے فنڈ میں چوتھے اور پانچویں کنٹری بیوشن سالوں کے دوران مختص کیے جاتے ہیں۔ یہ طریقہ کار ایک طاقتور سنگ میل فراہم کرتا ہے جو آپ کی ترقی کو تیز کرتا ہے، چاہے آپ اپنے بچوں کی تعلیم کے لیے بچت کر رہے ہوں یا ریٹائرمنٹ کے لیے منصوبہ بندی کر رہے ہوں۔ شریعت کے مطابق سرمایہ کاری کے ساتھ مل کر، یہ منصوبہ نہ صرف آپ کے مستقبل کو محفوظ رکھتا ہے بلکہ یہ آپ کو اپنے اور اپنے پیاروں کے لیے ایک روشن کل بنانے میں مدد کرتے ہوئے اسے فعال طور پر تعمیر کرتا ہے۔

**جی لو ہر گھڑی، اپنے مستقبل پر اعتماد کے ساتھ**

گولڈن پاتھ فیملی تکافل میں سرمایہ کاری کر کے، آپ صرف بچت نہیں کر رہے ہیں۔ آپ مالی آزادی کی طرف ایک منظّم سفر شروع کر رہے ہیں۔ آپ واقعی ہر لمحہ جی سکتے ہیں، اس اعتماد کے ساتھ کہ آپ کا مستقبل اور آپ کے خاندان کا مستقبل محفوظ ہے اور ثابت شدہ سنہری راستے پر ترقی کے لیے تیار ہے۔

# کلیدی خصوصیات

## شریعت سے مطابقت رکھنے والا سرمایہ کاری پیکیج

عسکری لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز نے شریعت کے مطابق ایک فیملی تکافل سرٹیفکیٹ تشکیل دیا ہے جو آپ کی زندگی کے ہر موڑ پر بدلتی ہوئی ضروریات کی تکمیل یقینی بناتا ہے۔ یہ فیملی تکافل سرٹیفکیٹ شریعت کی گائیڈ لائنز کے مطابق کم مگر مشترکہ خطرات کے ساتھ ایک طویل المیعاد سرمایہ کاری اور تحفظاتی پلان فراہم کرتا ہے۔

آپ اپنی زندگی کے کسی بھی دور میں ہوسکتے ہیں اور اس پلان کو اس کی مدت کے اعتبار سے اس کے کم خطرے کے پروفائل اور اعلیٰ منافع جات کے باعث اپنی ضروریات کے مطابق سمجھ سکتے ہیں۔

## اپنی ضرورت کے مطابق حل تشکیل دیجئے

گولڈن پاتھ فیملی تکافل سے، آپ اپنے لئے جیسے چاہیں مستقبل کی تشکیل کر سکتے ہیں! یہ آپ کو آپ کے اپنے اہداف اور خاندان کے منفرد طرزِ زندگی کے مطابق اپنا پلان خود وضع کرنے کا اختیار فراہم کرتا ہے۔ کئی اختیاری فوائد ہیں جو یہ پلان پیش کرتا ہے جن میں سے ایک آپ کی سرمایہ کاری اور تحفظ کے درجے میں ردّ و بدل ہے۔ اس اختیار کے علاوہ، آپ ہمارے سند یافتہ مالی مشیر کے ماہرانہ مشورے اور مدد سے مختلف اختیاری فوائد میں سے بھی منتخب کر سکتے ہیں جو آپ کے سرٹیفکیٹ کے مزید فائدے کا باعث ہونگے۔

اس کے علاوہ، ہمارے یونیورسل لائف۔ شرکاء کا سرمایہ کاری فنڈ کا ڈھانچہ سرمایہ کاری کی ایک وسیع حد پیش کرتا ہے: سکوک میں 100 فیصد تک؛ کے ایم آئی 30؛ ایکویٹیز میں 50 فیصد تک، اسلامک مالیاتی سرٹیفکیٹس میں 30 فیصد تک، میوچل فنڈز میں 50 فیصد تک، رئیل اسٹیٹ میں 30 فیصد تک اور اسلامک بینک/ٹرم ڈپازٹس میں 100 فی صد تک۔

## حج کا مفت تحفظ

ہمارا فیملی تکافل سرٹیفکیٹ بنیادی تحفظ شدہ فرد کی حفاظت کو یقین بخشتا ہے جو خدا کی راہ میں سفر پر ہوں۔ کسی بھی ان دیکھے واقعے کی صورت میں جو تحفظ شدہ فرد کی وفات کا نتیجہ ثابت ہو جو حج کے دوران کسی حادثے کے باعث واقع ہو، عسکری لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز سرٹیفکیٹ کے بینیفشری (بینیفشریز) کو زرِ تحفظ کے طور پر پچیس لاکھ روپے فراہم کرے گا۔

## اضافی سرمایہ کاری کا اختیار (اضافی کنٹریبیوشن)

یہ خصوصیت آپ کے موجودہ منصوبے کو اضافی اختیار فراہم کرتی ہے۔ اگر آپ کے پاس کسی بھی وقت اضافی فنڈز دستیاب ہوں، آپ ان کو سٹیفکیٹ کی مدت کے دوران گولڈن پاتھ فیملی تکافل کے تحت سرمایہ کاری کے طور پر اس میں شامل کر سکتے ہیں جو آپ کی نقد قدر میں مزید اضافہ کریں گے۔ بہت سے لوگ اس اختیار کو اپنے سٹیفکیٹ کے ساتھ اضافی کنٹریبیوشن کے طور پر اضافی سرمایہ کاری کر کے سالانہ کنٹریبیوشن کی ادائیگی کرنے کے لئے استعمال کرتے ہیں۔ کم از کم رقم جو سٹیفکیٹ کے ساتھ اضافی طور پر دی جاسکتی ہے وہ 10,000 روپے ہے جو کہ 100 فیصد مختص کی جائے گی۔

## پروٹیکشن ملٹپل (مضروب تحفظ)

گولڈن پاتھ فیملی تکافل پلان کے ساتھ، آپ اپنے خاندان کے لیے مطلوبہ مالی تحفظ کو یقینی بنا سکتے ہیں۔ آپ ایک خاص یکمشت رقم مقرر کر سکتے ہیں اتنی ہی جو آپ زیادہ سے زیادہ دستیاب تحفظ سے توقع کرتے ہیں کہ وہ آپ کی مستقبل کی مالی ضروریات پوری کرنے کے لئے کافی ہوگی۔

# بنیادی خصوصیات

## تحفظ کا فائدہ

آپ کے مستقبل کی کتنی اچھی طرح منصوبہ بندی کی جاسکتی ہے؟ آپ کے پیاروں کے ساتھ ساتھ آپ کے تحفظ کی کوئی قیمت نہیں! ہمارا فیملی تکافل تحفظ ناگہانی حالات کی صورت میں آپ کی اور آپ کے اہل خانہ کی مالی حفاظت کی یقین دہانی کراتا ہے۔ سرٹیفکیٹ بینیفشری (بینیفشریز) کو پی آئی اے کی نقد مالیت کے مساوی رقم یا زرِ تحفظ، ان میں جو بھی زیادہ ہو، ادا کیا جائیگا۔

## اختتام پر فائدہ

فیملی تکافل تحفظ آپ کے اور آپ کے اہل خانہ کے لئے ایک حفاظتی حصار سے بڑھ کر ہے۔ فیملی تکافل سرٹیفکیٹ کا اختتامی فائدہ اس بات کو یقینی بناتا ہے کہ آپ کو اپنے سرٹیفکیٹ کی مدت کے مکمل ہونے پر آپ کے شرکت کنندہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے) کی رقم حاصل ہو، جو آپ کو ان بڑے خوابوں کو پورا کرنے کا موقع دے جن کو آپ نے پس پشت ڈالا ہوا تھا۔

## سالیانہ فائدہ

اس اختیار کے ذریعے، آپ کو سرٹیفکیٹ کی اختتامی مالیت ان سالوں تک جن کا آپ نے انتخاب کیا ہو، ماہانہ بنیاد پر حاصل کرنے کا اختیار دیا جائے گا۔ اختتامی مالیت شریعہ کے مطابق سرمایہ کاری کے ذریعے آپ کے شرکت کنندہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ (پی آئی اے) میں آپ کی منتخب کی گئی مدت کے آخری مہینے تک ماہانہ سالیانہ فائدہ وصول کرنے کے لئے بڑھتی رہے گی۔

## جزوی دستبرداری

جزوی دستبرداریوں کے فائدے کے ساتھ، آپ اپنے پی آئی اے کی کل نقد دستبرداری مالیت کا 50 فیصد تک نکلوا سکتے ہیں بشرطیکہ آپ کم از کم صرف 10,000 روپے کی کل نقد دستبرداری مالیت برقرار رکھیں۔ اس فائدے کے ساتھ، آپ کے پیسے پر کوئی پابندی نہیں ہوگی اور 500 روپے کے معمولی خرچ کے عوض اس تک رسائی حاصل ہوسکتی ہے۔

## غور و فکر کا دورانیہ

فیملی تکافل سرٹیفکیٹ آپ کو اور آپ کے پیاروں کو مطلوبہ مالی تحفظ اور خوش حالی فراہم کرنے کے لئے آپ کے ہدف کی جانب ایک طویل المیعاد معاہدہ ہے۔ البتہ، اگر آپ محسوس کریں کہ آپ کو پیش کی جانے والی پروڈکٹ سے آپ مطمئن نہیں ہیں تو آپ کو پریشان ہونے کی ضرورت نہیں ہے، کیونکہ عسکری لائف ونڈو تکافل آپریشنز ایک غور و فکر کا دورانیہ پیش کرتا ہے جس میں آپ چودہ دن کے اندر شرکت کنندہ رکنیت دستاویزات لوٹا سکتے ہیں اور کنٹریبیوشن کی سو فیصد واپسی حاصل کر سکتے ہیں۔

## افراطِ زر سے تحفظ

بدقسمتی سے یہ ایک حقیقت ہے کہ جو پیسہ ہمارے پاس ہوتا ہے، اوپر جاتی ہوئی معیشت میں اس کی قدر ہر روز کچھ کم ہوجاتی ہے۔ بڑھتا ہوا افراطِ زر آہستہ آہستہ ہماری بچتوں کو کھا جاتا ہے اس لئے ہمیں ایک ایسے منصوبے کی ضرورت ہوتی ہے جو ہماری بچتوں کو سالم رکھے۔ گولڈن پاتھ فیملی تکافل افراطِ زر کا مقابلہ کرنے کے لئے یہ منفرد خصوصیت پیش کرتا ہے جو ہر سال زرِ شراکت میں منتخب اضافہ کے ساتھ مہنگائی سے نمٹنے کے لیے وقف ہے۔

## سرپلس میں شراکت

خطرے کی تخفیف کے فوائد کے علاوہ، تکافل شرکاء کو اضافی زرِ شراکت کا ایک منفرد فیچر پیش کرتا ہے۔ وقف میں اضافی رقم، اگر کوئی ہو، مقرر کردہ ایکچوری اور شریعہ مشیر کی ہدایت کے مطابق ضروری محفوظ رقوم کو برقرار رکھتے ہوئے، ہر مالی سال کے آخر پر انفرادی شریک کی بنیاد پر طے کی جائے گی۔ قابل تقسیم اضافی رقم اہل شرکاء کو طے کردہ طریقے کے مطابق پی آئی اے کو مختص کی جائے گی۔

# بنیادی کنٹریبیوشن کی تخصیص

جیسے جیسے آپ سرٹیفکیٹ کو اسکی مکمل مدّت تک جاری رکھتے ہیں، بنیادی کنٹریبیوشن جو آپ ادا کرتے ہیں اس کے ایک تناسب کے اعتبار سے رقم آپ کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں مختص کی جاتی ہے۔ آپ کے اکاؤنٹ کی قدر میں مختص کئے گئے تناسب درج ذیل ہونگے:

| سرٹیفکیٹ کا سال | پی آئی اے کو مختص بنیادی کنٹریبیوشن کا فیصد | پی آئی اے نقد قدر کے دستبرداری اخراجات فیصد |
|---|---|---|
| 1 | 40 فیصد | کچھ نہیں |
| 2 | 50 فیصد | کچھ نہیں |
| 3 اور اس سے زائد | 100 فیصد | کچھ نہیں |

# سرٹیفکیٹ کی شرائط اور اہلیت

| کم از کم تحفظ کی مدت | زیادہ سے زیادہ تحفظ کی مدت | کم از کم ادائیگی کی مدت | زیادہ سے زیادہ ادائیگی کی مدت |
|---|---|---|---|
| 5 سال | 75 سال کی عمر تک | 5 سال | تحفظ کی مدت کے مساوی |

# ایڈوانس اور جاری بونس

آپ کا عزم آپ کی سنہری راہ ہموار کرتا ہے۔ بس اپنے سرٹیفکیٹ کو بروقت شراکت کے ساتھ اچھی حالت میں برقرار رکھنے اور بغیر کسی رقم نکالنے سے، آپ ہمارے **خصوصی بونس پروگرام** کے اہل ہو جاتے ہیں۔

اپنے ابتدائی انعامات کو بڑے سنگ میلوں میں پختہ ہوتے دیکھیں۔ آپ کے پہلے دو کنٹری بیوشن سالوں کے دوران حاصل ہونے والے بونسز حکمتِ عملی کے تحت آپ کے فنڈ میں چوتھے اور پانچویں کنٹری بیوشن سالوں کے دوران مختص کیے جاتے ہیں۔ جس سے آپ کی سرمایہ کاری میں تیزی آنے کے ساتھ ہی آپ کی بچتوں کو ایک طاقتور اور بروقت فروغ ملتا ہے۔

پانچ سال یا اس سے زائد سال تک پر عزم رہیں اور آئندہ سالوں میں مزید دلکش لائلٹی بونس حاصل کریں۔

| سرٹیفکیٹ کے کنٹریبیوشن کی ادائیگی کا سال | شرکت کنندہ سرمایہ کاری اکاؤنٹ میں مختص کی جانے والی ابتدائی بنیادی کنٹریبیوشن کا فیصد |
|---|---|
| *1 | 40 فیصد |
| *2 | 40 فیصد |
| 8 | 25 فیصد |
| 10 | 50 فیصد |
| 15 | 100 فیصد |
| 20 | 250 فیصد |

- پہلے کنٹری بیوشن سال کے دوران مختص کیا جانے والا **پہلے سال کا بونس** اور دوسرے کنٹری بیوشن سال کے دوران مختص کیا جانے والا **دوسرے سال کا بونس** ایک علیحدہ پارٹیسپنٹس انویسٹمنٹ اکاؤنٹ (PIA) میں سرمایہ کاری کی صورت میں برقرار رکھا جائے گا۔
- سرمایہ کاری کے لئے استعمال کئے جانے والی بونس کی رقم کا **پچاس فیصد** (50%)، چوتھے سرٹیفکیٹ سال کی مکمل سالانہ شراکت کی ادائیگی پر باقاعدہ شرکت کنندہ کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) کی نقد قدر کو منتقل کر دیا جائے گا۔
- اور، سرمایہ کاری شدہ بونس کی رقم کا بقیہ **پچاس فیصد** (50%) پانچویں سرٹیفکیٹ سال کی مکمل سالانہ شراکت کی ادائیگی پر باقاعدہ شرکت کنندہ کے سرمایہ کاری اکاؤنٹ (PIA) کی نقد قدر کو منتقل کر دیا جائے گا۔
- ان بونس کی ادائیگی مخصوص رعایتی مدت کے اندر تمام واجب الادا شراکتوں کی بروقت ادائیگی سے مشروط ہے۔

# اخراجات

## سرٹیفکیٹ فیس

ماہانہ 200 روپے منہاء کئے جائیں گے (ان میں ہر سال 10 فیصد اضافہ ہوگا)۔

## سرمایہ کاری کے انتظامی اخراجات

پی آئی اے مالیت کا 2 فیصد سالانہ، ماہانہ بنیاد پر منہاء کیا جائے گا۔

## وقف عطیہ

سیکیورٹیز ایکسچینج کمیشن آف پاکستان میں جمع کئے گئے نرخ کے مطابق لیا جائے گا۔

## ریگولر کنٹریبیوشن کے اخراجات

ہر کنٹریبیوشن سے 5 فیصد کنٹریبیوشن اخراجات کی مد میں منہاء کیا جائے گا۔

## اضافی کنٹریبیوشن کے اخراجات

ہر کنٹریبیوشن سے 2 فیصد کنٹریبیوشن اخراجات کی مد میں منہاء کیا جائے گا۔



askarifamily
Takaful

# گولڈن پاتھ

## فیملی تکافل

آپ کی شرعی طرز زندگی کے لئے!

021-111-225-275 www.askarilife.com

### وکالہ فیس

| سال | مجموعی کنٹریبیوشن کا فیصد |
| --- | --- |
| 1 | 60 فیصد |
| 2 | 50 فیصد |
| 3 اور اس سے زائد | 0 فیصد |

### جزوی/مکمل دستبرداری پر عمل درآمد فیس

جزوی طور پر رقم نکالنے/مکمل دستبرداری پر 500 روپے کی فیس لی جائے گی۔

### مضاربہ کا حصہ

وقف کے سرمایہ کاری منافع پر 30 فیصد

## اضافی اختیاری فوائد

قابل اطلاق اسٹینڈرڈ کے فوائد سے ہٹ کر، جیسے کہ تحفظ اور سرمایہ کاری، گولڈن پاتھ فیملی تکافل بنیادی تحفظ شدہ فرد کو اضافی فوائد اور اضافی وقف عطیے کی ادائیگی سے مشروط، آپ کے اہداف اور مالی صلاحیتوں پر مبنی مختلف اختیاری فوائد میں سے انتخاب کرنے کی آزادی بھی پیش کرتا ہے۔

### شریک حیات کا فائدہ

ایک قابل ذکر خصوصیت جو آپ کو اور آپ کے شریک حیات کو اضافی تحفظ اور ذہنی سکون فراہم کرنے کے لیے ترتیب دی گئی ہے۔ اس خصوصیت کے ساتھ، آپ اپنے اور اپنے شریک حیات دونوں کو ایک ہی تکافل سرٹیفیکیٹ میں شامل کر سکتے ہیں، اس بات کو یقینی بناتے ہوئے کہ آپ کے پیاروں کی مالی طور پر ایک ساتھ حفاظت کی جا سکے۔ کسی بھی ناخوشگوار واقعے کی صورت میں، زندہ رہ جانے والے شریک حیات کو مکمل فوائد حاصل ہوں گے، جس سے انہیں زیادہ آسانی کے ساتھ زندگی کے مشکل حالات سے نمٹنے میں مدد ملے گی۔ یہ ہمارے عزم کی گواہی ہے کہ ہم آپ کے خاندان کے مستقبل کی حفاظت کرنے کے لئے پیش خدمت ہیں۔

### ہسپتال کے اخراجات کا تحفظ

اس بات کو یقینی بنانے کے لئے کہ کسی بھی حادثاتی ہنگامی حالات میں آپ کو اچھی طرح تحفظ حاصل ہو، گولڈن پاتھ فیملی تکافل ایک منفرد فائدہ پیش کرتا ہے جس میں ہسپتال کے اخراجات کا تحفظ دیا جاتا ہے۔ یہ اس بات کی یقین دہانی دلاتا ہے کہ کسی بھی حادثے کے باعث ہسپتال میں ایک دن سے زیادہ قیام کی صورت میں، آپ کی مرضی کے کسی بھی ہسپتال میں ساٹھ دن تک کے لئے آپ کے ہسپتال کے اخراجات کا تحفظ حاصل ہوگا (8,000 روپے یومیہ)۔

### بڑے پیمانے پر سرجری کی صورت میں فائدہ

اس خصوصی فائدے کے ذریعے، اگر آپ اس ضمنی فائدے کے تحفظ کے دوران (بڑے پیمانے پر سرجری کی شرط میں درج) کسی سرجری سے گزرتے ہیں تو 500,000 روپے کے سرجری کے اخراجات عسکری لائف ونڈو تکافل آپریشنز کی جانب سے برداشت کئے جائیں گے۔ پس آپ کے اہل خانہ پر کوئی اضافی بوجھ نہیں پڑے گا۔ یہ فائدہ آپ کے لئے علاج کے لئے درکار معقول رقم سے تحفظ کے طور پر کام کرتا ہے۔

### تشویشناک بیماری کی صورت میں ضمنی فائدہ

ہر فرد غیر یقینی ہنگامی حالات اور طبی مدد کے لئے طبی تحفظ کی تلاش میں رہتا ہے۔ آج یہ خاص طور پر ضروری ہے جب طبی دیکھ بھال کافی مہنگی اور غیر منصوبہ شدہ ہو۔ ایک تشویشناک بیماری پورے خاندان کو بھاری مالی قرضے اور بحران میں مبتلا کر سکتی ہے۔ ان تمام منفی حالات کا مقابلہ کرنے کے لئے، گولڈن پاتھ فیملی تکافل پیش کرتا ہے تشویشناک بیماری کی صورت میں ضمنی فائدہ جو بڑی نوعیت کی جان لیوا بیماریوں کے لئے تحفظ فراہم کرتا ہے (تشویشناک بیماریوں کے ضمنی فائدے کی شرط میں درج)۔ اگر ان درج کی گئی بیماریوں میں سے کسی کی بھی آپ میں تشخیص ہوتی ہے تو بیس لاکھ روپے تک یکمشت رقم ادا کی جاتی ہے۔ یہ یکمشت رقم اصل پلان کے فائدے کے علاوہ ہے۔

### ماہانہ آمدنی کا فائدہ

اگر آپ ماہانہ آمدنی کے ضمنی فائدے کا انتخاب کرتے ہیں تو تحفظ شدہ فرد کی زندگی میں کسی غیر متوقع حالات کی صورت میں، جیسا کہ ضمنی دستاویزات کی شرائط میں بیان کیا گیا ہے، عسکری لائف ونڈو تکافل آپریشنز ضمنی فائدے کے بقایا مدت کیلئے سرٹیفکیٹ کے بینیفشری (بینیفشریز) کو ایک ماہانہ آمدنی ادا کرے گا۔

### کنٹریبیوشن کی چھوٹ کا ضمنی فائدہ (وفات کی صورت میں)

اگر آپ اپنے اہل خانہ کے لئے زیادہ سے زیادہ تحفّظ کے خواہش مند ہیں اور چاہتے ہیں کہ آپ کا فیملی تکافل سرٹیفکیٹ اس وقت بھی فعال رہے جب آپ ان کی کفالت کے لئے موجود نہ ہوں۔ یہ فائدہ آپ کیلئے ہے۔ اس اضافی فائدے سے، آپ کے اہل خانہ، اس تحفظ کے لئے جو آپ نے ابتدائی طور پر اچانک مالی بوجھ کے تحفّظ کیلئے مقرر کیا ہو، نہ صرف ضمانت شدہ یکمشت رقم حاصل کریں گے (زرِتحفظ) بلکہ عسکری لائف ونڈو تکافل آپریشنز ان کو اس ضمنی فائدے کے اختتام تک بقایا مدّت کے لئے بنیادی پلان کے ابتدائی کنٹریبیوشن کے مساوی چھوٹ فراہم کرے گا۔

اس فائدے سے آپ کے اہل خانہ اس تحفظ کے لئے جو آپ نے ابتدائی طور پر اچانک مالی بوجھ کے تحفّظ کیلئے مقرر کیا ہو، نہ صرف ضمانت شدہ یکمشت رقم حاصل کریں گے (زرِتحفظ) بلکہ اس ضمنی فائدے کے اختتام پر فائدہ بھی حاصل کریں گے۔

### کنٹریبیوشن کی چھوٹ کا ضمنی فائدہ (معذوری کی صورت میں)

خدانخواستہ اگر شراکت دار مستقل طور پر معذور ہو جاتا ہے تو عسکری لائف ونڈو تکافل آپریشنز اس ضمنی فائدے کی بقایا مدت کیلئے ابتدائی بنیادی سالانہ کنٹریبیوشن برداشت کرے گا۔

### حادثاتی وفات اور معذوری کا ضمنی فائدہ

زندگی کے سفر میں، آپ ہمیشہ اپنے اہل خانہ کو بہتر مستقبل فراہم کرنے کے لئے تگ و دو کرتے ہیں۔ تاہم، زندگی کا یہ سفر غیر یقینی حالات سے پُر ہے؛ آپ کو کچھ خبر نہیں کہ حادثات کے واقعات کی تعداد میں اضافے کی وجہ سے، کب مستقبل آج کے منظر نامے میں خود کو بے نقاب کر دے، آپ کو اپنے اہل خانہ کے مستقبل کو محفوظ بنانا بہت اہم ہے۔ ایک ذمہ دار فرد کی حیثیت سے آپ ایسے کسی واقع سے اپنے اہل خانہ کے مستقبل کو تحفظ دینا چاہیں گے۔ عسکری لائف ونڈو تکافل آپریشنز کا حادثاتی وفات اور معذوری ضمنی فائدہ، کسی بھی حادثے کی صورت میں جو وفات یا معذوری کا باعث بن جائے، آپ کے اہل خانہ کو ایک اضافی مالی تحفظ فراہم کرتا ہے۔ عسکری لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے حادثاتی تحفظ سے، آپ یہ یقینی بناتے ہیں کہ کسی بھی بدقسمت حادثے کی صورت میں جو معذوری یا اچانک وفات کا باعث ہو، آپ کے منتخب کردہ بینیفشیری (بینیفشریز) کو ایک خاطر خواہ اضافی رقم ادا کی جائے گی۔

### لیول ٹرم فیملی تکافل (اضافی تحفظ کا اختیار)

ہم سب کا ہدف اپنے اہل خانہ کو تحفظ فراہم کرنے اور مالی طور پر محفوظ رکھنے کا یقین دلانا ہوتا ہے، ابھی بھی اور مستقبل میں بھی۔ اور ہم یہ تمام حالات کے لئے مالی طور پر تیاری کرتے ہیں۔ لیکن کیا ہوگا اگر بڑھتے ہوئے اخراجات کو بھانپ لیں اور تحفظ کا درجہ (زرِتحفظ) مناسب طور پر بڑھانا چاہیں؟ مزید برآں، زندگی کے بدلتے ہوئے ادوار کے ساتھ، تحفظ کی ضروریات بھی بدل سکتی ہیں؛ شادی کے بعد، والدین بن جانا یا جب آپ کے والدین ریٹائر ہو جائیں۔

یہ اضافی فائدہ خاص طور سے اس بات کو یقینی بنانے کیلئے تشکیل دیا گیا ہے آپ کے اہل خانہ کے بڑھتے ہوئے اخراجات کا خیال رکھا جائے۔ اگر آپ اس اضافی فائدے کے ساتھ بنیادی پلان کے سرٹیفکیٹ کا انتخاب کرتے ہیں تو آپ کے نامزدہ بینیفشری (بینیفشریز) کو نہ صرف زرِتحفظ یا پی آئی اے کی مالیت ملے گی بلکہ اپنے بنیادی سرٹیفکیٹ کے ساتھ ایک معقول وقف عطیہ ادا کر کے اس لیول ٹرم فیملی تکافل فائدے سے منسلک کر کے، ایک اضافی رقم کا فائدہ (کم از کم ایک لاکھ) بھی ملے گا۔

## دستبرداری

- گولڈن پاتھ فیملی تکافل شریعہ سے مطابقت رکھنے والا یونیورسل لائف فیملی تکافل سرٹیفکیٹ ہے جو سرمایہ کاری کے خطرے سے مشروط ہے اور پلان کی مالیت سرمایہ فنڈ کی کارکردگی کی بنیاد پر براہ راست اوپر نیچے ہوسکتی ہے۔
- فیملی تکافل کی تمام درخواستوں پر عمل درآمد اور ان کی منظوری، عسکری لائف۔ ونڈو تکافل آپریشنز کی انڈر رائٹنگ کی گائیڈ لائنز کے مطابق دی جاتی ہے۔
- فوائد کی ایک شخصی تشریح آپ کو ہمارے سیلز کے نمائندے کی جانب سے پیش کی جائے گی۔ براہ مہربانی مختلف شرائط وضوابط کو تفصیلی طور پر سمجھنے کے لئے تشریح میں دئے گئے شذرات ملاحظہ کیجئے۔
- سرمایہ کاری کا خطرہ شرکاء برداشت کریں گے؛ اختتام پر اصل مالیتیں یا دستبرداریوں کی مالیتیں سوچے گئے اعداد و شمار سے اوپر نیچے ہوسکتی ہیں۔
- فنڈ کی سابقہ کارکردگی خاص طور پر مستقبل کی کارکردگی کی گائیڈ یا ضمانت نہیں ہے۔
- یہ کتابچہ سرٹیفکیٹ کے تحت دستیاب فوائد کا صرف تعارف پیش کرتا ہے۔ تفصیلی وضاحت کہ سرٹیفکیٹ کیسے کام کرتا ہے، شرکت کنندہ رکنیت دستاویز میں دی گئی ہے جو ہر شرکت کنندہ کو فراہم کی جائے گی۔
- اس دستاویز کے تمام مضامین عسکری لائف ونڈو تکافل آپریشنز کے شعوری حقوق ہیں۔
- کوئی بھی معلومات، ضوابط، یا اس کتابچے میں شرائط کے اظہار میں، کسی بھی تضاد، ابہام اور اختلاف کی صورت میں، شرکت کنندگان رکنیت دستاویز رائج اور مقدم ہوگی۔
- کسی تیسرے فریق کی جانب سے اس کتابچے کی اشاعت اور نقل کی سختی سے ممانعت ہے۔

Askari Life Assurance Co. Ltd.
Window Takaful Operations

Emerald Tower, Office No. 1104, 11th Floor, Plot G-19, Block 5,
KDA Improvement Scheme No. 5, Clifton, Karachi.
Email: takaful@askarilife.com | UAN: 021-111-225-275

www.askarilife.com